علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ شریعہ، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)

وارننگ

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کرکے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

عنوان: اسلام کا قانون جنائی (2957) **سمسٹر: بہار، 2026ء**

سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ تخصص شریعہ)

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

-3 ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

-4 ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

-5 مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

-6 آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-7 غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

امتحانی مشق نمبر1
(یونٹ نمبر1-4)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔اسلامی شریعت میں جرم کے تصور، اس کی اقسام اور معاشرتی اثرات کو مدنظر رکھتے ہوئے تفصیلی وضاحت کریں۔ نیز یہ بھی بیان کریں کہ اسلامی قانون جرم اور گناہ میں کس طرح فرق قائم کرتا ہے۔ **(20)**

سوال نمبر2۔اسلامی نظامِ عدل میں سزا کے مقاصد، حکمت اور ان کے اطلاق کے اصولوں کا جامع تجزیہ کریں۔ مزید یہ واضح کریں کہ سزاؤں کے نفاذ سے معاشرے میں کیا مثبت تبدیلیاں آئیں۔ **(20)**

سوال نمبر3۔جرمِ زنا کی تعریف، اس کے ثبوت کے شرعی تقاضے اور اس کی سزاؤں کی حکمت پر تفصیلی بحث کریں۔ نیز موجودہ دور میں اس قانون کے اطلاق کے چیلنجز کا جائزہ بھی لیں۔ **(20)**

سوال نمبر4۔ قذف کے جرم کی نوعیت، اس کے ثبوت کے اصول اور اس کی سزا کے معاشرتی اثرات کا تنقیدی جائزہ لیں۔ مزید بیان کریں کہ یہ قانون عزتِ نفس کے تحفظ میں کیسے مددگار ہے۔ **(20)**

سوال نمبر5۔شراب نوشی کے جرم کی شرعی حیثیت، اس کی حرمت کے اسباب اور اس کی سزا کے نفاذ کی حکمت پر روشنی ڈالیں۔ نیز اس کے معاشرتی و اخلاقی اثرات کا بھی تجزیہ کریں۔ **(20)**

امتحانی مشق نمبر2
(یونٹ نمبر5-9)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔قصاص کے قانون کی بنیاد، اس کے مقاصد اور اس کے نفاذ کے اصولوں کی وضاحت کریں۔ مزید بیان کریں کہ یہ قانون عدل و انصاف کے قیام میں کیسے معاون ثابت ہوتا ہے۔) **(20)**

سوال نمبر2۔دیت کے نظام کی تعریف، اس کی اقسام اور اس کے اطلاق کے طریقہ کار پر جامع تجزیہ کریں۔ نیز واضح کریں کہ یہ نظام معاشرتی توازن کو کیسے برقرار رکھتا ہے۔ **(20)**

سوال نمبر3۔عاقلہ کے نظام کی وضاحت کریں اور اس کے عملی اطلاق کی اہمیت پر روشنی ڈالیں۔ مزید بیان کریں کہ یہ نظام اجتماعی ذمہ داری کے تصور کو کیسے فروغ دیتا ہے۔ **(20)**

سوال نمبر4۔مدعی اور مدعا علیہ کے کردار، حقوق اور ذمہ داریوں کا اسلامی قانون کی روشنی میں تفصیلی جائزہ پیش کریں۔ نیز عدالتی عمل میں ان کی اہمیت کو واضح کریں۔ **(20)**

سوال نمبر5۔اسلامی قانون تعزیرات کی تعریف، اس کی حدود اور اس کے اطلاق کے اصولوں کی وضاحت کریں۔ مزید بیان کریں کہ تعزیری سزائیں معاشرتی نظم و ضبط میں کیسے مددگار ہیں؟ **(20)**